نگارستان فلمز کا بہترین و نایاب شاندار ڈرامہ

موتی محل

اسٹوری و گانے

मोती महल

رتن اینڈ کو بکسیلرز دریبہ کلاں دہلی

اداکاران:۔ ثریا۔ اجیت۔ ویرا۔ وغیرہ وغیرہ بالی جستم جد

سٹوری

چمپانگر کی پہاڑی ریاست میں راجہ صاحب سر موتی ساگر کا وہ عظیم الشان محل، جو موتی محل کے نام سے مشہور تھا آج بھی جگمگا رہا ہے۔ ہماری کہانی کا تعلق بھی تواریخی محل سے ہے، جس کے خوفناک واقعات کو یاد کرکے لوگ اب تک کانپ اٹھتے ہیں۔

راجہ صاحب کی اچانک موت کے بعد یہ بات بڑی مشہور ہو گئی کہ راجہ صاحب کی بے چین آتما "موتی محل" میں بھٹک رہی ہے۔ لیکن اس بات کا پکا ثبوت کسی کے پاس نہیں تھا۔ حالانکہ موتی محل میں ہونے والا ہر واقعہ اس کے لئے کافی تھا۔ آگے پردہ پر دیکھیں......

گانے

ثریا۔

منا۔

کبھی نہ بگڑے کسی کی موٹر رستے میں۔ گھرڑے رہو بس بے بس ہوکر رستے میں

کپڑے ہوں میلے منہ کالا کالا ۔ ہو وہ ثریا یا مدھو بالا

بڑے بڑے بھی بن جایا کرتے ہیں جوکر رستے میں

بار بار ہینڈل کو گھمایا ۔ دھکے دے دے سر چکرایا

نکل گیا ہے اپنا تو ہائے دم رستے میں

نیل پلایا ڈالا پانی پر ظالم نے ایک نہ مانی
یاد آتی ہے ہم کو نانی اب رو رو کے رہتے ہیں
سچ کہتی دنیا ساری چلتی ہی کا نام ہے گاڑی
موٹر بھی چھکڑا ہے جب ہو جائے پنچر رہتے ہیں

نمبر ۲

دیکھ میری ادا۔ لاکھوں ہوئے فدا۔ مجھ پہ مرتا ہے سارا زمانہ
تیر نظروں کا خالی نہ جائے کبھی
جسے دیکھوں وہ بچنے نہ پائے کبھی
مست ہرنی ہوں میں۔ جادوگرنی ہوں میں۔ جسے چاہوں بنا دوں دیوانہ
میری مستانی آنکھوں میں سولہ سنگار
میری لہراتی زلفوں میں جھومے بہار
کبھی تلوار ہوں کبھی جھنکار ہوں۔ کبھی ہوں ایک میٹھا ترانہ۔ مجھ پہ۔۔۔
میں چلوں تو زمانہ چلے ساتھ جی
سبھی دل پہ ہیں رکھے ہوئے ہاتھ جی
کوئی بجلی کہے کوئی برچھی کہے۔ بھید میرا کسی نے نہ جانا۔ مجھ پہ۔۔۔

نمبر ۳

کون دیش سے لایا رے بابو۔ دلہن بھولی بھالی

نمبر ۳

کون دیش سے لایا رے بابو۔ دُلہن بھولی بھالی
مُکھڑا تو پنجابی لاگے اور نیناں بنگالی
کاجل تو دیکھے پُورب کا اور کاشمیر کی لالی
کہن کو دیکھ چلی جا۔ کہن کو دھیرے دھیرے
نہ بولے نہ چلے گوری دُور کھڑی مسکائے۔ شرم سے ڈوبی جائے
ان نیچی نظروں پہ ہائے رے رام کون نہیں مر جائے
سدا سلامت رہے یہ جوڑا سدا رہے یہ جوانی
سدا خوشی کے دن آویں اور راتیں آئیں سہانی
رام کرے بابو ہو نانا۔ اور دُلہنیا نانی

نمبر ۴

چھپ چھپ رونا کام ہے بچّوں کا۔ اور ہمت کے کچّوں کا
قدم بڑھا کے پیچھے ہٹنا کام نہیں ہے سچّوں کا
رونے سے جگ اور رُلائے۔ جھکنے سے اور جھکائے
ہمت والے کب رُکتے ہیں۔ دُنیا کانٹے لاکھ بچھائے
جھوٹ کا دیپ نہیں جل سکتا پاپ کبھی نہیں پھل سکتا
انیائے کا زور کسی پہ روز روز نہیں چل سکتا۔

یہ آنسو طوفان بنا لے۔ اِن آنکھوں میں آگ چُھپا لے
تیرا فرض بُلائے تجھکو، اپنی بگڑی آپ بنا لے

نمبر ۵

کوئی لاکھ کہے ایسا ویسا۔ اِس دُنیا کا اب ڈر کیسا
جب تیری میری۔ میری تیری۔ ایک مرضی
بستے ہیں سبھی آکاش تلے۔ کچھ لوگ بُرے کچھ لوگ بھلے
آہنس کے مِل جائیں گلے۔ جلتا ہے کوئی سو بار جلے
میری آنکھوں کا ہی نُور ہے تُو۔ میرے ماتھے کا سیندور ہے تُو
کیوں پاس بھی رہکر دُور ہے تُو۔ کِس بات سے اب مجبور ہے تُو
بیچین محبت کیسی ہے۔ سرکار طبیعت کیسی ہے
کیوں دل کی حالت کیسی ہے۔ سرکار طبیعت کیسی ہے

نمبر ۶

قسمت نے ہمیں رونے کے لئے دُنیا میں اکیلا چھوڑ دیا
شکوہ چین لُٹا دکھ درد ملا۔ بیچین ہے دِل مجبور ہیں ہم
دُنیا نے ہمارے جینے کا ہر ایک سہارا توڑ دیا
بیدرد خزاں کے جھونکوں سے معصوم بہاریں بچ نہ سکیں
لو آج چمن میں آندھی نے ڈالی سے کلی کو توڑ دیا

لمنبجر

جائے گا جب یہاں سے کچھ بھی نہ پاس ہوگا ~~~ میعے
دو گز کفن کا ٹکڑا تیرا لباس ہوگا

مطلب کی ہے یہ دُنیا کیا اپنے کیا پرائے
کوئی نہ ساتھ آیا کوئی نہ ساتھ جائے

دو دن کی زندگی ہے کرلے جو دل میں آئے
یہ ٹھاٹ باٹ تیرا یہ آن بان تیری
رہ جائے گی یہیں پر یہ ساری شان تیری
اتنی سی ہی مُسافر بس داستاں ہے تیری

(ختم شد)

فلمی پریوں سے پوشیدہ ملاقات

مصنف نے ہندوستان کی مشہور ایکٹرلیسوں سے ملاقات کر کے ان کے حالات معلوم کئے۔ اور تمام ضروری معلومات اس کتاب میں شائع کیں۔ شائقین فلم اس سے کافی لطف اندوز ہو سکتے ہیں۔

قیمت ایک روپیہ آٹھ آنے۔ ڈاکخرچ چار آنے

فلمستان کی پریاں

اس کتاب میں تمام مشہور ایکٹرلیسوں، ایکٹروں اور ڈائرکٹروں کے حالات زندگی۔ کس نے کس کس فلم میں کام کیا ہے۔ تمام حالات اور مکمل پتے درج کئے ہیں۔ جگہ جگہ ایکٹرلیسوں کے فوٹو بھی دئے ہیں۔

قیمت صرف ۲/- محصول ڈاک معاف

ملنے کا پتہ

رتن اینڈ کو بک سیلرز دریبہ کلاں دہلی

صنعت و حرفت کے خفیہ راز

مصنف نے اِس کتاب میں اپنی معلومات کا خزانہ جمع کر دیا ہے۔ کس طرح ایک غریب انسان تجارت کے ذریعہ نمایاں ترقی کرتا ہوا مالدار بن سکتا ہے۔ یورپ۔ امریکہ نیز جاپان کی بڑی بڑی تجارتی کمپنیوں کے فارمولے۔ سینکڑوں اشیاء بنانے کے قیمتی نسخے۔ صابون۔ تیل۔ کریم۔ پاؤڈر اور روزمرہ زندگی میں کام آنے والی سینکڑوں چیزوں کو بنانے۔ اور بکری کرنے کے طریقے درج کئے ہیں۔ گویا تجارت کے متعلق ایک جامع اور مکمل کتاب ہے۔ ہزارہا بے روزگاروں کو ہزاروں روپے کی تجارت سکھا کر مالدار بنا چکی ہے۔

قیمت صرف -/3 محصولڈاک -/۸/۰

ملنے کا پتہ:-

رتن اینڈ کو بک سیلرز دریبہ کلاں دہلی